# نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

## پریس ریلیز

**ایڈیشنل چیف سیکرٹری پنجاب افتخار علی سہو کا ملتان کا خصوصی دورہ**

**زرعی شعبے کی ترقی اور کاشتکاروں کی خوشحالی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ افتخار علی سہو**

لاہور:08اگست2026: ایڈیشنل چیف سیکرٹری پنجاب افتخار علی سہو نے ملتان کا خصوصی دورہ کیا اور کپاس، دھان سمیت دیگر زرعی سرگرمیوں کے حوالے سے اہم اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں صوبہ میں زرعی فصلوں کی موجودہ صورتحال، کاشتکاروں کی رہنمائی اور زرعی سرگرمیوں کے فروغ سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر آصف علی، سپیشل سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب سرفراز حسین مگسی، ڈائریکٹر جنرلز محکمہ زراعت پنجاب عبدالحمید، نوید عصمت کاہلوں، ڈاکٹر عامر رسول، ڈاکٹر ساجد الرحمٰن، صدر کسان اتحاد خالد محمود کھوکھر، سید حسن رضا، ڈاکٹر محمد اقبال بندیشہ سمیت محکمہ زراعت وانہار کے متعلقہ افسران نے شرکت کی جبکہ ایڈیشنل سیکرٹری ٹاسک فورس شبیر احمد خان، ڈائریکٹر جنرل کراپ رپورٹنگ ڈاکٹر عبدالقیوم اور کنسلٹنٹ محکمہ زراعت ڈاکٹر محمد انجم علی سمیت دیگر افسران نے آن لائن شرکت کی۔

اس موقع پر ایڈیشنل چیف سیکرٹری پنجاب کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ پنجاب میں کپاس کی فصل کی مجموعی صورتحال اچھی ہے، جبکہ دھان کی کاشت مقررہ ہدف 50لاکھ ایکڑ کے مقابلے میں 60لاکھ ایکڑ سے زائد رقبے پر ہوئی ہے۔

اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ایڈیشنل چیف سیکرٹری پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ زرعی شعبے کی ترقی اور کاشتکاروں کی خوشحالی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ کاشتکاروں کی رہنمائی کے لیے فیلڈ فارمیشنز کی سرگرمیاں تسلسل کے ساتھ جاری رکھی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ کپاس کے بغیر ملکی معیشت کا تصور ہی نہیں کیا جا سکتا۔ کپاس کی بحالی کے لیے مرتب کردہ حکمت عملی پر من وعن عمل کیا جائے۔ چاول کی معیاری اور زیادہ پیداوار کے حصول کے لیے فنی رہنمائی کے عمل میں مزید تیزی لائی جائے۔ افتخار علی سہو نے کہا کہ ریجنل ایگریکلچر فورم اپنی بہترین پیشہ ورانہ صلاحیتیں بروئے کار لاتے ہوئے زرعی ترقی میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔ محکمہ زراعت کی فارمیشنز کی کارکردگی اور پیشہ ورانہ صلاحیتیں قابلِ ستائش ہیں۔

بعدازاں، ایڈیشنل چیف سیکرٹری پنجاب افتخار علی سہو نے ماڈل ایگریکلچر مال ملتان کا اچانک دورہ بھی کیا۔ انہوں نے ماڈل ایگریکلچر مال پر کھادوں کی وافر مقدار میں دستیابی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔

☆☆☆☆